پریس ریلیز

# شیل پاکستان نے مالی سال 2023ء کی پہلی سہ ماہی کے لیے نتائج کا اعلان کر دیا

کراچی، 04 مئی، 2023: شیل پاکستان لمیٹڈ (ایس پی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آج، مالی سال 2023ء کی پہلی سہ ماہی کے لیے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ اس اعلان کے مطابق کمپنی نے، سہ ماہی کے دوران 4,762 ملین روپے کا بعد از ٹیکس نقصان اٹھایا ہے جبکہ گزشتہ برس، اسی عرصے کے دوران، کمپنی کو 2,079 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع ہوا تھا۔

اس عرصہ میں روپے کی قدر میں کمی، مہنگائی میں اضافے اور میکرو اکنامک میں غیر یقینی صورتحال دیکھی گئی۔ مسلسل اقتصادی چیلنجوں کے نتیجے میں اس شعبے میں بھی سرگرمیوں کی رفتار سست رہنے کے ساتھ طلب میں کمی اور کمپنی کے لیے سیکیوریٹی کی فراہمی کو خطرات لاحق ہوئے۔ علاوہ ازیں، اسی عرصے کے دوران، کمپنی کا مالیاتی شعبہ اور منافع بھی متاثر ہوتا رہا۔ تاہم، شیل پاکستان اپنی مارکیٹ شیئر برقرار رکھنے میں کامیاب رہا۔

شیل پاکستان لمیٹڈ اپنی مالی پوزیشن مضبوط بنانے اور معاشرے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کے لیے آپریشنل عمدگی، حفاظتی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

☆☆☆